2024 نیویارک شہر اسکول سروے

عزیز اہلِ خانہ،

ہم آپکی رائے جاننا چاہتے ہیں!

ہر سال تمام خاندان، اساتذہ، اور گریڈ 12-6 کے طلبا اپنے اسکولوں کے بارے میں اپنی رائے کا اظہار کرنے کے لیے نیو یارک شہر اسکول سروے لیتے ہیں۔ نیو یارک شہر اسکول سروے ملک کے سب سے بڑے تعلیمی سروے میں سے ایک ہے۔ سروے میں تبصرات آپ کے بچے کے تعلیمی ماحول کو بہتر بنانے میں مدد دے سکتے ہیں۔ اس سال کا سروے آپ **12 فروری سے 5 اپریل** تک لے سکتے ہیں۔

آپ کی آرا ہمارے اسکول کی کیسے مدد کرتی ہیں؟
آپ کی آرا ہمیں یہ سمجھنے میں مدد دیتی ہیں کہ آپ کے خیال میں ہمارا اسکول کیا کام بہتر کررہا ہے اور آپکے خیال میں ہم اسے کیسے مزید بہتر بنا سکتے ہیں۔ سروے کے نتائج ہمیں یہ سوچنے کا موقع دیتے ہیں کہ ہم اپنے اسکول کے اہداف اور مقصد کو حاصل کرنے میں کتنے کامیاب ہیں۔ ہم یہ معلومات یہ فیصلہ کرنے میں استعمال کرتے ہیں کہ ہر سال آپ اور آپ کے بچے کو کیسے بہتر خدمات فراہم کی جائیں۔

جاننا چاہتے ہیں کہ آپ کے تبصرات کہاں جاتے ہیں؟ آپ پچھلے سال کے سروے کے نتائج School Quality Snapshot میں اور آن لائن School Quality Guide پر دیکھ سکتے ہیں۔

میں اپنی آرا کا کس طرح اشتراک کر سکتا ہوں؟
آپ کو اپنا نیو یارک شہر اسکول سروے ایک لفافے میں ملے گا۔ سروے میں اوپر دی گئی ہدایات کو استعمال کرتے ہوئے سروے مکمل کریں۔ اپنا مکمل کردہ سروے آپ کے سروے کے مواد کے ساتھ شامل ڈاک ادا شدہ لفافے میں واپس کردیں۔ آپ اسے براہِ راست ذیل پر بذریعہ ڈاک بھیج سکتے ہیں:

Survey Processing Center
PO Box 680490
Charlotte NC 28216-9935

آپ NYCSchoolSurvey.org پر جاکر سروے آن لائن بھی مکمل کرسکتے ہیں۔ چھوٹے حرف (لوئز کیس) "f" کے بعد اپنے طالبِ علم کے شناختی (OSIS) نمبر کو لاگ اِن کرنے کے لیے استعمال کریں جس کو ان کے رپورٹ کارڈ، طالبِ علم کے آئی ڈی کارڈ پر دیکھا جا سکتا ہے۔ اہلِ خانہ سروے لینے کے لیے اپنے NYC Schools Account (NYCSA) میں بھی لاگ اِن کر سکتے ہیں۔

نیو یارک شہر اسکول سروے مکمل کرنے اور بذریعہ ڈاک بھیجنے کا آخری دن جمعہ، 5 اپریل، 2024 ہے۔

اپنی آرا بانٹنے کا شکریہ!

بخلوص،